تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

January 09 2024

،جامعہ ملیہ اسلامیہ کے فائن آرٹس طلبا اور اساتذہ نے 'ترقی یافتہ بھارت سفیر، سودنوں کا چیلنج' کے تحت آرٹ فیسٹول میں سرگرمی سے حصہ لیا

ترقی یافتہ بھارت سفیر سودنوں کا چیلنج' کے تحت مورخہ سات جنوری دو ہزار چوبیس کو للت کلا اکیڈمی اور این ڈی ایم سی وزارت ثقافت ہند کی جانب سے منعقدہ آرٹ فیسٹول میں جامعہ ملیہ اسلامیہ کے فائن آرٹس کے فیکلٹی، طلبا اور المنائی نے بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔ المنائی کے ساتھ ساتھ فیکلٹی کے دوسرے شعبہ جات کے طلبا اور بنیادی سطح سے لے کر پی ایچ ڈی اسکالروں تک نے ترقی یافتہ بھارت کے سلسلے میں اپنے افکار و خیالات ظاہر کرنے اور اس بحث کو اور بھی تابندگی عطا کرنے کے لیے ایک ساتھ آئے۔ انھوں نے یہاں کے پروگراموں میں فکر انگیز مباحثوں میں ہی حصہ نہیں لیا بلکہ ایسا معلوم ہو رہا تھا کہ وہ یہاں سے کبھی جدا ہی نہیں ہوئے تھے۔

یہ پروگرام اپنی نوعیت کا انوکھا اور منفرد پروگرام تھا جس میں ہائی اسکول، کالج کے طلبا اور ساتھ ہی مختلف علوم وفنون کے ماہرین 'ترقی یافتہ بھارت کے بڑھتے قدم' کا جشن منانے کے لیے ایک پلیٹ فارم پر جمع ہوئے۔ چوبیس سو ماہرین نے ایک پلیٹ فارم پر جمع ہو کر تخلیقی افضلیت کا مظاہرہ کیا اور یقینی طور پر اس سے سال کا انتہائی خوب صورت جمالیاتی آغاز ہوا ہے۔

سینئر اور ہندوستان کے ابھرتے ہوئے نوجوان فن کاروں کے درمیان حوصلہ افزا بات چیت رہی جس میں فن سے دلچسپی رکھنے والے نوجوان سینئر ماہرین کی مہارتوں سے مستفید ہو رہے تھے اور سینئر ماہرین نوجوانوں اور ہائی اسکول نوخیز فن کاروں میں آموزش کی امنگ کو محسوس کر رہے تھے اور کالج کی آنکھوں سے اس کا نظارہ کر رہے تھے۔

جامعہ ملیہ اسلامیہ کے فیکلٹی اراکین یعنی پروفیسر بندو لیکا شرما، جناب شاہ ابوالفیض، جناب شاہد جاوید، محترمہ دیپا، جناب منیر، محترمہ دروپدی اور جناب اور بندو سے طلبا کی حوصلہ افزائی کے لیے ان کے ساتھ آئے اور اس اہم پروگرام کا حصہ

بنے اور تخلیقیت کے سمندر میں غوطہ زن ہوئے اور ملک کی رنگ برنگی، تابناک اور اختراعی مستقبل کے ساتھ چلے۔ پروفیسر ڈاکٹر بندولیکا شرما اور جناب شاہ ابوالفیض بھی اس پروگرام کے جیوری کا حصہ تھے۔

تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی